Administrative Appeals Tribunal

Migration & Refugee Division

# مائیگریشن نظرثانی کا عمل – ایم آر ڈویژن

ہم ایک قانونی ادارہ ہیں جس کے پاس منسٹر، یا ڈیپارٹمنٹ آف ہوم افیئرز میں بااختیارافسران کی جانب سے مائیگریشن ایکٹ *1958* کے تحت کیے گئے فیصلوں پر نظرثانی کرنے کا اختیار حاصل ہے۔

ویزا کے فیصلے پر نظرثانی کرتے وقت ، ہم کیس کا ازسرنو جائزہ لیں گے اور ہمیں اختیار حاصل ہے کہ نظرثانی کے تحت فیصلے کو تبدیل کردیں۔

مائیگریشن ایکٹ *1958* اور مائیگریشن ریگولیشنز *1994* ان فیصلوں کی وضاحت کرتے ہیں جن پر ہم نظرثانی کرسکتے ہیں، کون نظرثانی کی درخواست دے سکتا ہے، کسطرح سے نظرثانی کی درخواست دینی لازم ہے، وقت کی میعاد جس کے اندر نظرثانی کی درخواست کو لازم دائر ہونا چاہیے، اور قابل ادائیگی درخواست فیس۔

کون کسی مخصوص فیصلے پر نظرثانی کی درخواست دے سکتا ہے، قابل اطلاق وقت کی میعاد ، اور فیس کے قابل اطلاق ہونے کے بارے میں قواعد مختلف ہیں جن کا انحصار فیصلے کی قسم اور اس بات پر ہے کہ آیا کوئی امیگریشن کی حراست میں ہے۔ ہمارے پاس استثناء دینے کا کوئی اختیار نہیں ہے۔

## نظرثانی کے لیے کون درخواست دے سکتا ہے؟

محکمے کی جانب سےبھیجے گئے فیصلے کے خط میں وضاحت ہونی چاہیے کہ کیا اس فیصلے پر ہم نظرثانی کرسکتے ہیں اور کون نظرثانی کے لیے درخواست دے سکتا ہے۔

ہم صرف اس نظرثانی کی درخواست کو قبول کرسکتے ہیں جو کسی ایسے شخص کی جانب سے دائر کی گئی ہو جسے نظرثانی کی درخواست دینے کا حق حاصل ہے۔ چند کیسوں میں صرف وہ شخص ہی نظرثانی کی درخواست دے سکتا ہے جس نے ویزے کی درخواست دی ہو یا سابقہ ویزے کا حامل ہو۔ دوسرے الفاظ میں یہ صرف سپانسر یا ایک قریبی رشتہ دار ہوسکتا ہے۔ چند کیسوں میں نظرثانی کی درخواست دینے والے کو فیصلے کے وقت یا نظرثانی کی درخواست دائر کرتے وقت، یا دونوں صورتوں میں لازماً آسٹریلیا کے اندر ہونا چاہیے۔ ہم ذاتی حالات کے بارے میں مشورہ نہیں دے سکتے؛ تاہم آپ ان معاملات پر کسی رجسٹرڈ مائیگریشن ایجنٹ، پریکٹیسنگ سرٹیفیکیٹ کے حامل آسٹریلین وکیل یا مائیگریشن امداد دینے والے دیگر فراہم کنندہ سے مشورہ لے سکتے ہیں۔ مزید معلومات کے لیے براہ مہربانی نیچے ' کیا مجھے اپنی درخواست کے بارے میں مدد لینی چاہیے؟' دیکھیں۔

## نظرثانی کی درخواست دینے کے وقت کی میعاد

محکمے کی جانب سے بھیجے گئے فیصلے کے خط میں ہمیں درخواست دینے کے وقت کی میعاد درج ہونی چاہیے۔

اگرآپ نظرثانی کے لیے درخواست دینے کا ارادہ رکھتے ہیں، تو آپ کو نوٹ کرنا چاہیے کہ ہم نہ تو وقت کی میعاد میں توسیع کرسکتے ہیں یا نہ ہی ایسی درخواستوں کو قبول کرسکتے ہیں جو زائد المیعاد ہوں۔ اگرآپ ایک درخواست ڈاک کے ذریعے جمع کروا رہے ہیں، تو آپ کو یہ بات یقینی بنانی چاہیے کہ آپ درخواست کو کافی پہلے بھیجیں تاکہ یہ مقررہ میعاد گزرنے سے قبل موصول ہوجائے۔

## میں نظرثانی کے لیے کیسے درخواست دے سکتا ہوں؟

نظرثانی کی درخواست دینے کے لیے آپ کا' درخواست برائے نظرثانی' فارم مکمل کر کے مقررہ میعاد کے اندر جمع کروانا ضروری ہے اور آپ کو درخواست کی فیس ادا کرنی ہو گی (یا درخواست فیس کا 50% بمع فیس میں کمی کی ایک درخواست کے)۔ درخواست کی فیس کے بارے میں معلومات ذیل میں ملاحظہ کریں۔

درخواستیں آن لائین جمع کروائی جا سکتی ہیں یا پھر ایک فارم مکمل کرکے اور اسے بذریعہ ای میل، ڈاک، فیکس یا شخصی طور پر جمع کروا کر درخواست دی جا سکتی ہے۔ وہ درخواست گزار جو امیگریشن حراست میں ہوں انہیں لازماً M2 فارم - 'درخواست برائے نظرثانی - مائیگریشن ( برائے اشخاص جو امیگریشن حراست میں ہوں)' استعمال کرنا ہوگا۔ دیگر تمام درخواست گزاروں کو لازماً M1 فارم - 'درخواست برائے نظرثانی - مائیگریشن ( برائے اشخاص جو امیگریشن حراست میں نہ ہوں اور تنظیمیں)' استعمال کرنا ہوگا۔ یہ فارم ہمارے دفاتر سے دستیاب ہیں جن کی تفصیل اس حقائق نامے کے آخر میں دی گئی ہے اور یہ ہماری ویب سائیٹ پر بھی دستیاب ہیں۔

ہمارے دفاتر(رجسٹریوں) کی تفصیلات اس دستاویز کے آخر میں دی گئی ہیں۔ مزید معلومات کے لیے، براہ مہربانی ذیل میں دیکھیں 'جمع کروانے کے طریقے' اور ' رابطے' کا سیکشن ۔

### نظرثانی کے لیے اکٹھی درخواستیں

ایک ہی خاندان کے یونٹ کے اراکین عموماً نظرثانی کے لیے اکٹھی درخواستیں دے سکتے ہیں۔ سیکیورٹی مطالبے کے فیصلے سے متعلق ایک درخواست برائے نظرثانی کو ویزا گرانٹ نہ کرنے کے فیصلے پر نظرثانی کی متعلقہ درخواست کیساتھ اکٹھے دیا جا سکتا ہے۔ اکٹھی درخواستوں کی صورت میں ایک درخواست کی فیس قابل ادائیگی ہوتی ہے اور ایک درخواست فارم کو استعمال کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔

### درخواست فیس

تمام کیسوں میں فیس قابل ادائیگی ہوتی ہے ماسوائے امیگریشن حراست میں موجود افراد کی جانب سے بریجنگ ویزا فیصلوں پر نظرثانی کی درخواستیں (بشمول کسی ایسے متعلقہ فیصلے کے جس میں سیکیورٹی کا مطالبہ کیا گیا ہو)۔

دیگر تمام کیسوں میں:

- درخواست کی فیس $3,374 ہے۔
- یہ فیس 50% فیصد تک کم کی جا سکتی ہے اگر ہم مطمئن ہوں کہ مکمل ادائیگی **نظرثانی کی درخواست دینے والے کے لیے شدید مالی مشکلات کا** باعث بنے گی، یا ممکنہ طور پر بن سکتی ہے۔
- اگر آپ کے کیس میں ہم نے آپ کے حق میں فیصلہ دیا تو ہم مکمل فیس کا 50% واپس کر دیں گے۔

' فیس میں تخفیف کی درخواست - ایم آر ڈویژن ' فارم (M11) ذیل میں دیئے گئے کسی بھی دفتر سے اور ہماری ویب سائیٹ سے دستیاب ہے۔ امدادی دستاویزاتی شہادت ، جیسا کہ M11 فارم پر درج ہے، کو فیس میں تخفیف کی تمام درخواستوں کیساتھ جمع کروانا چاہیے۔

اگر آپ اپنی نظرثانی کی درخواست واپس کرتے ہیں، تو ہم صرف محدود حالات میں ہی درخواست فیس کو واپس کرسکتے ہیں۔

### کیا مجھے اپنی درخواست کے سلسلے میں مدد لینی چاہیے؟

ہمارا مقصد یہ یقینی بنانا ہوتا ہے کہ نظرثانی کے نتیجے کا انحصار اس بات پر نہ ہو کہ کسی شخص نے پیشہ ورانہ مشورہ یا امداد لی ہے یا نہیں۔ تاہم، آپ مشورہ اور امداد لینے کا انتخاب کرسکتے ہیں۔

مائیگریشن ایکٹ کے تحت ، صرف چند لوگ آپ کو ' امیگریشن مدد' دے سکتے ہیں۔ ان میں یہ شامل ہیں:

- ایک رجسٹرڈ مائیگریشن ایجنٹ
- آسٹریلین قانون دان جس کے پاس پریکٹس کرنے کا سرٹیفیکیٹ ہو
- خاندان کا کوئی قریبی رکن ( آپ کا شوہر یا بیوی، بچہ ، والدین، بھائی یا بہن)، یا
- یا اگر آپ ویزا درخواست گزار ہیں تو جس نے ویزا کی نامزدگی کی ہو یا سپانسر

' امیگریشن مدد' میں شامل ہے جب کوئی شخص مائیگریشن طریق کار میں اپنا علم یا تجربہ استعمال کرتا ہے، یا استعمال کرنے کا دعوی کرتا ہے، درخواست تیار کرنےمیں یا آپ کی AAT کے سامنے نمائندگی کرنے میں مدد کرنے کے لیے ۔

صرف ایک رجسٹرڈ مائیگریشن ایجنٹ یا پریکٹس کرنے کے سرٹیفیکیٹ کا حامل ایک آسٹریلین قانون دان ہی آپ سے امیگریشن معاونت کے لیے فیس کا تقاضہ کرسکتا ہے

اپنےنظرثانی کیس میں مدد پانے کے لیے آپ مزید معلومات سےہماری ویب سائیٹ پر Assistance پیج سےحاصل کرسکتےہیں ۔

**ہم کیسے کام کرتے ہیں؟**

۔ ہم پابند ہیں کہ یوں نظرثانی کریں جو کہ قابل رسائی، جائز، منصفانہ، کم خرچ، غیررسمی، تیز اور متناسب ہو۔ نظرثانی کے عمومی خدوخال ہیں:

- منسٹر یا محکمے کی نمائندگی نہیں ہوتی ہے، اور محکمہ پابند ہوتا ہے کہ وہ ہمیں زیرنظرثانی فیصلے سے متعلقہ تمام دستاویزات مہیا کرے۔
- آپ کو حق حاصل ہے کہ اس مواد، یا اس کی نقل تک آپ کو رسائی حاصل ہو جو آپ کے کیس کے حوالے سے ہمارے پاس موجود ہوں (اگرچہ کہ چند پابندیوں کا اطلاق ہوتا ہے)۔
- آپ نظرثانی کے کسی بھی مرحلے پر ہمیں تحریری گزارشات یا دستاویزی شہادت دے سکتے ہیں۔ جہاں ممکن ہو، وہاں ہماری ترجیح یہ ہوتی ہے کہ اس مواد کو ہمیں الیکٹرانک طور پر بھیجا جائے۔
- اگر آپ نے الیکٹرانک طور پردستاویزات بھیجی ہیں، بشمول ہمارے فارموں کے، تو یہ کوئی ضروری نہیں ہے کہ آپ اصل دستاویزات کو ڈاک کے ذریعے بھی بھیجیں۔
- آ پ اپنے کیس کی تیاری اور اسے چلانے کے لیے کسی شخص کو نامزد کرسکتے ہیں (آپ کا نمائندہ) جو آپ کی نمائندگی کرے۔ نمائندہ تحریری گذارشات اور دستاویزی شہادت مہیا کرسکتا ہے اور آپ کی جانب سے ہمارے ساتھ رابطہ کر سکتا ہے۔ ہماری انتظام کردہ میٹنگ یا سماعت میں آپ کا نمائندہ آپ کے ہمراہ آ سکتا ہے اور مدد کرسکتاہے۔ ہم سماعت کے دوران کسی نمائندے کو دعوت دے سکتے ہیں کہ وہ تبصرہ کرے، لیکن ایک نمائندہ ماسوائے غیرمعمولی حالات کے زبانی دلائل نہیں دے سکتا ہے۔ اگر آپ کا نمائندہ آپ سے 'امیگریشن مدد' کے لیے فیس مانگتا ہے، تو آپ کو یہ یقینی بنانا چاہیے کہ وہ ایک رجسٹرڈ مائیگریشن ایجنٹ یا ایک پریکٹیسنگ سرٹیفیکیٹ کا حامل آسٹریلین وکیل ہے ۔ مزید معلومات کے لیے براہ مہربانی اوپر 'کیا مجھے اپنی درخواست کے سلسلے میں مدد لینی چاہیے؟' دیکھیں۔
- آپ کسی شخص کو نامزد کرسکتے ہیں ( آپ کا مجاز وصول کنندہ) کہ وہ آپ کی جانب سے خط وکتابت وصول کرے۔ زیادہ تر درخواست گذار جن کا کوئی نمائندہ ہوتا ہے وہ اپنے نمائندے کو ہی بطور اپنے مجاز وصول کنندہ کے نامزد کرتے ہیں۔ اگر آپ کسی کو بطور مجاز وصول کنندہ کے نامزد کرتے ہیں تو تمام خط وکتابت اس شخص کو بھیجی جائیگی اور یہ سمجھا جائیگا کہ اسے آپ کو بھیجا گیا ہے۔ دو قسم کے حالات ایسے ہیں جن میں ہم کسی خط و کتابت کی ایک کاپی آپ کو ، اور ایک آپ کے مجاز وصول کنندہ کو بھی بھیجیں گے۔ پہلی صورت یہ ہے کہ نظرثانی کسی ایسے فیصلے سے متعلق ہے جس میں ایک بریجنگ ویزا کو مسترد یا منسوخ کیا گیا ہے اور آپ اس فیصلے کے نتیجے میں زیرحراست ہیں ( 'ایک بریجنگ ویزا (زیرحراست ) ' کیس )۔ دوسری صورت یہ ہے کہ آپ نے کسی مائیگریشن ایجنٹ کو بطور اپنے نمائندے کے یا مجاز وصول کنندہ کے نامزد کیا ہو، اور اس مائیگریشن ایجنٹ کی رجسٹریشن معطل یا منسوخ کی جا چکی ہو یا وہ زائد المیعاد ہو چکی ہو۔ ہم آپ کی نظرثانی کے بارے میں تمام دستاویزات آپ کے نمائندے یا مجاز وصول کنندہ کو بھیجتے رہیں گے جب تک آپ اس سے منع نہیں کریں گے۔
- ہم پر لازم ہے کہ ہم ایسی معلومات کے بارے میں آپ کو آگاہ کریں جو آپ کے خلاف فیصلے کا باعث بن سکتی ہیں اور آپ کو موقع دیں کہ آپ ان معلومات پر تبصرہ کریں یا اپنا ردّعمل دیں۔
- اگر ہم آپ کو ایک محدود عرصے میں معلومات مہیا کرنے یا تبصرہ کرنے یا معلومات پر ردعمل ظاہر کرنے کی دعوت دیتے ہیں تو آپ کو اس پر عمل کرنا چاہیے یا آپ سماعت کے حق کھو دینے کے خطرے سے دوچار ہو سکتے ہیں۔
- ماسوائے محدود حالات کے، ہم پر لازم ہے کہ آپ کو سماعت پر آنے کی دعوت دیں۔ آپ ہمیں درخواست کر سکتے ہیں کہ ہم دوسرے لوگوں سے شہادت لیں، اور آپ کے ساتھ آپ کا نمائندہ اور/ یا ایک دوست یا مدد کے لیے کوئی شخص آئے۔ اگر ضرورت ہوگی، تو ہم ایک زبانی مترجم مہیا کریں گے۔

**نظرثانی کے دوران کیا ہوگا؟**

ہرکیس میں نظرثانی کا طریقہ مختلف ہوتا ہے۔ ایک عمومی کیس میں ان مراحل پر عمل ہوتا ہے:

- ہم آپ کو اس بات کی تصدیق کرنے کے لیے کہ آپ کی درخواست موصول ہوچکی ہے ایک رسیدی خط بھیجیں گے۔ ہم محکمے کو بھی آپ کی درخواست کے متعلق آگاہ کریں گے اور محکمے کو درخواست کریں گے کہ وہ آپ کے کیس کے بارے میں تمام متعلقہ دستاویزات ہمیں مہیا کرے۔
- کیس ایک ممبر کو مختص کر دیا جاتا ہے۔
- ممبر دستاویزات کا جائزہ لیتا ہے۔
- ہم آپ کو دعوت دیتے ہیں کہ سماعت پر آئیں، اور/ یا معلومات دیں یا تبصرہ کریں یا معلومات پر ردعمل دیں۔
- چند کیسوں میں ، ممبر سماعت کے اختتام پر فیصلے کا اعلان کرسکتا ہے۔ ممبر یہ فیصلہ کرسکتا ہے کہ وہ آپ کو زبانی فیصلے کی تحریری وجوہات بھیجے گا، اس صورت میں آپ کو سماعت کے 14 دنوں کے اندر وجوہات بھیج دی جائیں گی۔ متبادل کے طور پر، ممبر فیصلے کا اعلان کرسکتا ہے اور فیصلے کی وجوہات کے بارے میں سماعت کے وقت ایک زبانی بیان دے سکتا ہے۔ اگر ایسا ہوتا ہے، تو آپ کو حق حاصل ہے کہ سماعت کے 14 دنوں کے اندر آپ ہمیں تحریری درخواست دیں کہ آپ کو فیصلہ اور وجوہات جو سماعت کے وقت بیان کی گئی تھیں تحریری شکل میں دی جائیں۔ .
- تاہم، زیادہ تر کیسوں میں ایک فیصلہ سماعت کے اختتام پر نہیں کیا جائیگا، اور جب ممبر فیصلہ کرتا ہے، تو ہم آپ کو اور محکمے کو فیصلے اور وجوہات پر مبنی ایک تحریری بیان بھیجیں گے۔

چونکہ ہر ایک کیس مختلف ہوتا ہے، اس لیے یہ کہنا ہمارے لیے مشکل ہے کہ آپ کے کیس میں ہمیں فیصلہ کرنے میں کتنا وقت لگے گا۔ ہم قانون اور اے اے ٹی کے صدر کی جانب سے جاری کردہ پالیسی ہدایات کے مطابق چند کیسوں کو ترجیح دیتے ہیں، مثلاً وہ کیس جس میں اشخاص امیگریشن حراست میں ہوتے ہیں۔

ہماری ویب سائیٹ پر درخواست پر کارروائی کرنے کے اوقات کے بارے میں معلومات موجود ہیں جو آپ کو موجودہ ترجیحات کی فہرست اور اندازاً کارروائی کے اوقات مہیا کرسکتی ہیں۔

سماعت کے دوران جو معلومات ہمیں مہیا کی جاتی ہیں وہ عوام الناس تک پہنچ سکتی ہیں۔ سماعت عام طور پر عوام کے لیے کھلی ہوتی ہے۔ اگر ہم آپ کے کیس میں اپنے فیصلے کی وجوہات کا تحریری بیان تیار کرتے ہیں ، تو اسے عوام کے لیے جاری بھی کیا جاسکتا ہے اور AustLII ویب سائیٹ پر شائع کیا جا سکتا ہے
(www.austlii.edu.au)۔ جو فیصلے ہم شائع کرتے ہیں ان کے بارے میں مزید معلومات کے لیے ہماری ویب سائیٹ پر ہماری فیصلوں کی اشاعت کی پالیسی دیکھیں۔

**کیا آپ کو مزید معلومات درکار ہیں؟**

مزید معلومات کے لیے براہ مہربانی ہمارے ساتھ رابطہ کریں (ذیل میں رابطے کی تفصیلات دیکھیں)۔ ہمارا عملہ آپ کو طریق کار کی معلومات دے سکتا ہے، لیکن کسی مخصوص کیس میں کامیابی کے امکانات کے بارے میں وہ مشورہ نہیں دے سکتے۔

تمام درخواست گذار ہمارے ساتھ اس ای میل کے ذریعے رابطہ کرسکتے ہیں:mrdivision@aat.gov.au۔ متبادل کے طور ، درخواست گذار ہمیں ہمارے نیشنل ٹیلیفون انکوائری نمبر1800 228 333پر ٹیلیفون کرسکتے ہیں۔ مقامی اور موبائل کال چارچز کا اطلاق ہوتا ہے۔ ان لوگوں کے لیے جو بہرے ہوں یا جنہیں سننے یا بولنے میں دشواری لاحق ہو نیشنل ریلے سروس کے ذریعے یہاں پر ٹیلیفون کی ایک سہولت دستیاب ہے www.relayservice.gov.au

اگر آپ کو ایک زبانی مترجم کی ضرورت ہے تو تحریری و زبانی ترجمہ کی سروس (TIS) مدد مہیا کرسکتی ہے ۔ TIS کیساتھ آسٹریلیا میں کہیں سے بھی131 450 پر رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

**اگر میں کوئی تبصرہ یا شکایت کرنا چاہوں تو کیا ہوگا؟**

آپ ہماری مدد کرسکتے ہیں یہ بتا کر کہ آپ کو ہمارے ساتھ معاملات کرنے کے دوران کونسی بات پسند آئی ہے یا آپ کے خیال میں ہم کہاں بہتری لاسکتے ہیں۔ اگر آپ ہمیں اپنی رائے دینا چاہتے ہیں تو آپ اس بارے میں اس آفیسر کو بتا سکتے ہیں جو آپ کا کیس چلا رہا ہو۔ متبادل کے طور پرآپ آن لائن فیڈ بیک فارم مکمل کرسکتے ہیں جو ہماری ویب سائیٹ پر Contact us کے نیچے دستیاب ہے، یا ہمیں ایک تحریری شکایت GPO Box 9955, Sydney NSW 2001 پربھیجیں جس پر لفظ 'confidential' لکھا ہو۔

**جمع کروانے کا طریقہ**

**آن لائن**

نظرثانی کی درخواستیں یہاں پر آن لائن جمع کروائی جا سکتی ہیں http://www.aat.gov.au/apply-online.

اگراطلاق ہوتا ہو، تو جمع کرواتے وقت مکمل فیس لازمی ادا کرنی ہوتی ہے جب آپ آن لائن درخواست جمع کرواتے ہیں۔

**بذریعہ ڈاک یا بذریعہ فیکس**

Administrative Appeals Tribunal
GPO Box 9955, Sydney NSW 2001
Fax: (02) 9276 5599

Administrative Appeals Tribunal
GPO Box 9955, Melbourne VIC 3001
Fax: (03) 9454 6999

Administrative Appeals Tribunal
GPO Box 9955, Brisbane QLD 4001
Fax: (07) 3052 3069

Administrative Appeals Tribunal
GPO Box 9955, Adelaide SA 5001
Fax: (08) 8128 8099

Administrative Appeals Tribunal
GPO Box 9955, Perth WA 6848
Fax: (08) 6222 7299

**ذاتی طور پر**

**Sydney**
Level 6
83 Clarence Street
Sydney NSW 2000

**Melbourne**
Level 4
15 William Street
Melbourne VIC 3000

**Brisbane**
Level 6
296 Ann Street
Brisbane QLD 4000

**Perth**
Level 13
111 St Georges Terrace
Perth WA 6000

**Adelaide**
Level 2
1 King William Street
Adelaide SA 5000

**رابطے**

| | |
|---|---|
| ویب سائیٹ | www.aat.gov.au |
| ای میل | mrdivision@aat.gov.au |
| نیشنل ٹیلیفون انکوائری نمبر | 1800 228 333 |
| نیشنل ریلے سروس | www.relayservice.gov.au |